علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ مطالعہ پاکستان)

وارننگ
عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ
-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں بھیجنے کا شیڈول

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر1	15-12-2026	......	......
مشق نمبر2	08-01-2027	مشق نمبر1	08-01-2027
مشق نمبر3	30-01-2027	......	......
مشق نمبر4	20-02-2027	مشق نمبر2	20-02-2027
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔			

کورس: مطالعہ پاکستان **(317)** سمسٹر: خزاں، **2026**ء

سطح: انٹرمیڈیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-4 آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-5 غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کریں۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر1۔ مطالعہ پاکستان کا بطور مضمون دیگر سماجی علوم سے تعلق بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ پاکستان کے محل وقوع کی جغرافیائی سیاسی اور اقتصادی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ پاکستان کے طبعی خدوخال اور اہم پہاڑی سلسلوں پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ پاکستان کی آبادی کی گنجانیت اور آبادی کی شہری و دیہی خدوخال پر ایک مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ پاکستانی ثقافت کے اہم خدوخال بیان کریں اور لوگوں کے طرز معاشرت کا جائزہ لیں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر1۔ وادی سندھ کی تہذیب اور پاکستان کے قدیم ثقافتی ورثے کا جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ قرارداد پاکستان سے قیام پاکستان تک اہم واقعات وحالات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ایوب خان کے دور حکومت کے اہم اقدامات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بنیادی حقوق کی تعریف کریں اور اس کی مختلف اقسام پر ایک جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ اکیسویں صدی میں پاکستان کو درپیش چیلنجز اور مواقع کا جائزہ لیں۔ (20)